نظم:1

مٹی کا دیا

چوتھی جماعت

ا۔نظم لکھیے:

جھٹ پٹے کے وقت گھر سے ایک مٹی کا دیا
ایک بڑھیا نے سر راہ لا کے روشن کر دیا

تاکہ رہ گیر اور پردیسی کہیں ٹھوکر نہ کھائیں
راہ سے آسان گزر جائے ہر اک چھوٹا بڑا

یہ دیا بہتر ہے ان جھاڑوں سے اور فانوس سے
روشنی محلوں کے اندر ہی رہی جن کی سدا

گر نکل کر اک ذرا، محلوں سے باہر دیکھیے
ہے اندھیرا گھپ، در و دیوار پر چھایا ہوا

سرخ رو، آفاق میں وہ رہ نمامینار ہیں
روشنی سے جن کی ملاحوں کے بیڑے پار ہیں

II۔ان الفاظ کے معنی لکھو:

ا۔جھٹ پٹے کا وقت: شام کا وقت۔ ۲۔سر راہ: راستے پر۔ ۳۔راہ گیر: راستہ چلنے والا۔
۴۔پردیسی: دوسرے دیس کا مسافر۔ ۵۔جھاڑوں: جھاڑ کی جمع، مشعل۔
۶۔فانوس: ایک قسم کی شمع۔ ۷۔سرخ رو: کامیاب۔ ۸۔بیڑا: کشتی یا جہاز۔
۹۔گھپ اندھیرا: بہت سخت اندھیرا۔ ۱۰۔بیڑا پار ہونا: مشکل آسان ہونا۔
۱۱۔آفاق: افق کی جمع، آسمان کے کنارے۔ ۱۲۔ملاحوں: ملاح کی جمع، کشتی چلانے والا۔
۱۳۔رہ نمامینار: سمندری جہاز اور کشتیوں کو راستہ دکھانے والے روشنی کے مینار۔

III۔ذیل میں دیئے گئے مناسب الفاظ سے خانہ پری کیجیے:

ا۔جھٹ پٹے کے وقت گھر سے ایک مٹی کا دیا۔ ۲۔ایک بڑھیا نے سر راہ لا کے روشن کر دیا۔
۳۔یہ دیا بہتر ہے ان جھاڑوں سے اور فانوس سے۔ ۴۔روشنی محلوں کے اندر ہی رہی جن کی سدا۔

IV۔مناسب جوڑ لگائیے: